www.express.com.pk

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس کراچی

رجسٹرڈ نمبر SC(MC)989

WEDNESDAY, FEBRUARY 19, 2025

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 27 شمارہ 166 | بدھ 20 شعبان المعظم 1446ھ 19 فروری 2025 صفحات 10 قیمت 40 روپے



چیئرمین ملیر ٹاؤن جان محمد بلوچ وائس چیئرمین ملیر ٹاؤن سید مزمل شاہ کے ہمراہ سندھ حکومت کے احکامات پر ملیر ٹاؤن میں ماسٹر پلان کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں اس موقع پر ڈائریکٹر ایچ آر ایم محمد شریف، سپرنٹنڈنٹ انجینئر رحمت اللہ داربانی میمن دیگر بھی موجود ہیں

I am Sorry !!!!

# ملیر ٹاؤن میں ماسٹر پلان کی تیاری کیلیے کمیٹیاں تشکیل

## یوسی چیئرمین رپورٹ 7 دن میں تیار کرکے پیش کریں، چیئرمین ملیر ٹاؤن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین ملیر ٹاؤن جان محمد بلوچ، وائس چیئرمین سید مزمل شاہ نے ماسٹر پلان کے حوالے سے اجلاس میں یوسی چیئرمینوں اور سیکریٹریز کو یوسی کی سطح پر ملیر ٹاؤن کی حدود میں کچی آبادیوں، نشیبی علاقوں، رہائشی و تجارتی علاقوں، برساتی نالوں، گرین بیلٹس، مرکزی شاہراہوں اور رفاہی پلاٹوں پر قائم تجاوزات، اراضی کی حیثیت کی تبدیلی، یوٹیلٹی اسٹورز، مراکز صحت اور اسکولوں کی تفصیلی رپورٹ سات دن میں تیار کرکے پیش کرنے کی ہدایات جاری کردیں۔ سندھ ماسٹر پلان اتھارٹی کی جانب سے موصولہ مراسلے کے تناظر میں ملیر ٹاؤن کی حدود کے ماسٹر پلان کی تیاری کے لیے فوکل پرسن اور 2 اسسٹنٹ ڈائریکٹر کے زیر انتظام یونین کمیٹیوں کی سطح پر کمیٹیاں تشکیل دی گئی ہیں۔ چیئرمین ملیر ٹاؤن جان محمد بلوچ نے یوسی چیئرمینوں اور سیکریٹریز کو ایجنڈے کے مطابق ملیر ٹاؤن کی حدود میں واقع کچی آبادیوں ان کی کیفیات اور قانونی حیثیت نشیبی علاقوں جو برسات یا سیلابی صورتحال سے متاثر ہوسکتے ہیں، وجوہات اور حل کیلئے تجاویز اور سفارشات کی فراہمی رہائشی تجارتی علاقوں، مرکزی و ذیلی شاہراہوں، گرین بیلٹس، برساتی نالوں، کھیل کے میدانوں، قبرستانوں اور رفاہی پلاٹوں پر واقع مستقل اور غیر مستقل تجاوزات، اراضی کی حیثیت میں تبدیلی و استعمال کی رپورٹ بمعہ تصاویر، فراہمی و نکاسی آب کے نظام اور بجلی کے ترسیلی نظام کی مکمل تفصیل مراکز صحت بشمول بڑے اسپتالوں کے ناموں کی تفصیلات اسکولوں اور کالجوں اور یونیورسٹیوں کی تفصیلات وغیرہ ایک ہفتے کے اندر جمع کرانے کی ہدایت کرتے ہوئے فوکل پرسن مخدوم شان محمد کو مقرر کردیا۔

CS CamScanner